سوال

(495) رجوع کیے بغیر دوسری طلاق دینا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک آدمی نے اپنی بیوی کو طلاق دی دوسری طلاق دس دن کے بعد دی بغیر رجوع کے کیا بغیر رجوع کے دوسری طلاق ہو جائے گی ؟ نیز یہ بتائیں کہ پہلی اور دوسری طلاق کے درمیان کتنا وقفہ ہونا چاہیے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہو جائے گی اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے :

لطَّلَٰقُ مَرَّتَانِ فَإِمۡسَاكُۢ بِمَعۡرُوفٍ أَوۡ تَسۡرِيحُۢ بِإِحۡسَٰنٖ --بقرة229

رجعی طلاقیں دو ہیں اس کے بعد یا تو بیوی کو آباد رکھنا ہے یا پھر شائستگی کے ساتھ چھوڑ دینا ہے

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

طلاق کے مسائل ج1ص340